Total No. of Questions-5]

[Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1272 B-2K13

## M.A. Ist Semester Degree Examination

## URDU

## (Tareekh-e-Zaban-o-Adab 1857 Tak)

## Paper :HC-1.1

*Time Allowed-3Hours*

*Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر(1) اردو زبان کے آغاز و ارتقاء کا جائزہ لیتے ہوئے ماہرین لسانیات کے نظریوں کو اختصار سے پیش کیجیے۔

یا

کوئی دو پر اختصاریہ لکھئے۔

۱) اصلاح زبان کی تحریک

۲) سودا کی قصیدہ نگاری

۳) دکنی مثنویاں

۴) ولی دکنی اور شمالی ہند

سوال نمبر(2) دور بہمینہ کے شعر و ادب پر اظہار خیال کیجیے۔

یا

دبستان دلی یا دبستان لکھنو کی ادبی خدمات کا جائزہ پیش کیجیے۔

سوال نمبر(3) فورٹ ولیم کالج سے وابستہ قلم کاروں کا تعارف کرائیے۔

یا

میر کی غزل گوئی کی انفرادیت واضح کیجیے۔

سوال نمبر(4) صنف مثنوی کی تعریف کرتے ہوئے اردو شاعری میں اس کی اہمیت واضح کیجیے۔

یا

صنف مرثیہ نگاری میں میر انیس کی انفرادیت واضح کیجیے۔

سوال نمبر(5) کوئی دو پر اختصاریہ لکھئے۔

۱) سراج اورنگ آبادی

۲) محمد قلی قطب شاہ

۳) نظیر اکبر آبادی

۴) مرزا سلامت علی دبیر

☆☆☆

Total No. of Questions-5] [Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1273 B-2K13
## M.A. Ist Semester Degree Examination
## URDU
## (Classiki Shaer)
## Paper :HC-1.2

*Time Allowed-3Hours* *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر(1) مثنوی کی تعریف کرتے ہوئے اردو شاعری میں اس کی اہمیت اوراس کے اقسام پر روشنی ڈالئے۔

یا

میر حسن کی مثنوی نگاری کا محاکمہ کیجیے۔

سوال نمبر(2) قصیدہ کی تعریف کرتے ہوئے اس کے اجزائے ترکیبی بیان کیجیےاور قصیدہ کے اقسام بتائیے۔

یا

اردو قصیدہ نگاری میں ذوق کی انفرادیت واضح کیجیے۔

سوال نمبر(3) اردو میں مرثیہ نگاری کی روایت پر روشنی ڈالئے۔

یا

''میر انیس نے صنف مرثیہ کواس کی معراج تک پہنچادیا۔'' بحث کیجیے۔

سوال نمبر(4) نظیر اکبرآبادی کی نظموں کے موضوعات پر تبصرہ کیجیے۔

یا

نظم ''آدمی نامہ'' کی روشنی میں نظیر اکبرآبادی کی نظم نگاری کی بنیادی خصوصیات قلم بند کیجیے۔

سوال نمبر(5) اردو میں رباعی گوئی کی روایت پر روشنی ڈالتے ہوئے واضح کیجیے کہ رباعی کن موضوعات کا احاطہ کرتی ہے۔

یا

اکبرالہ آبادی اور فراق گورکھ پوری کی رباعی گوئی پر تبصرہ کیجیے۔

☆☆☆

Total No. of Questions-5] [Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1274 B-2K13
## M.A. Ist Semester Degree Examination
## URDU
## ( Novel Aur Mukhtasar Afsana)
## Paper :HC-1.3

*Time Allowed-3Hours* *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر(1) ناول کی تعریف کیجیے اور اس کے اجزائے ترکیبی پر مختصر روشنی ڈالیے۔

یا

اردو ناول کے ارتقاء کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر(2) مرزا رسوا کی ناول نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

''آخر شب کے ہم سفر'' کی روشنی میں قرۃ العین حیدر کی کردار نگاری کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر(3) ناول اور افسانے کی اس طرح تعریف کیجیے کہ دونوں کا فرق واضح ہو جائے۔

یا

اردو کے افسانے کے آغاز و ارتقاء کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر(4) جدید افسانے کے اہم خدوخال بیان کیجیے۔

یا

ترقی پسند اور جدید افسانے کا موازنہ پیش کیجیے۔

سوال نمبر(5) انتظار حسین کے افسانے ''زرد کتا'' کا تجزیہ پیش کیجیے۔

یا

پریم چند کے اسلوب نگارش کی نمایاں خصوصیات بیان کیجیے۔

☆☆☆

Total No. of Questions-5] [Total No. of Printed Pages-2

# PGIS 1275 B-2K13
## M.A. Ist Semester (CBCS) Degree Examination
## URDU
## (Farsi Zaban-o-Adab)
## Paper : SC-1.1

*Time Allowed-3Hours* *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر(1) آراستین اور نوشتن مصادر سے فعل ماضی قریب کی گردان مع صیغہ و ترجمہ کیجیے۔

یا

گفتن اور شنیدن مصادر سے فعل ماضی بعید کی گردان مع صیغہ و ترجمہ کیجیے۔

سوال نمبر(2) درج ذیل عبارت کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔

(a) ''دو امیر زادہ در مصر بودند۔ یکے علم آموخت و دیگر مال اندوخت۔ عاقبۃ الامر آں علامہ گشت و آن دیگر عزیز حصر شد۔ پس آں توانگر بچشم حقارت در فقیہہ نظر کردی و گفتے من بہ سلطنت رسیدم و ایں ہمچناں در سکنت کاند۔ گفت اے برادر شکر نعمت باری عز اسمہ ہمچناں بر من افزون تر است کہ میراث پیغمبراں یافتم یعنی علم و ترا میراث فرعون و ہامان رسید یعنی ملک مصر۔''

یا

(b) درج ذیل عبارت کا فارسی میں ترجمہ کیجیے۔

''عجم کے بادشاہوں میں سے کسی نے ایک ماہر طبیب کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت بابرکت میں بھیجا۔ کتنے ہی سال تک عرب کے علاقے میں سکونت پذیر رہا۔ کوئی شخص بھی علاج کے لئے اُس کے پاس نہیں آیا اور کسی قسم کے علاج کی اس سے خواہش بھی نہیں کی۔ وہ طبیب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں آیا اور شکایت کہ اس غلام کو آپ کے اصحاب کے علاج کے لئے ہی خدمت اقدس میں بھیجا گیا ہے۔ اس عرصے میں کسی نے بھی توجہ نہیں کی تا کہ جو خدمت بندے کے ذمے ہے اُسے بخوبی انجام دے سکے۔

سوال نمبر(3) مثنوی مولانا رومی کی عصری معنویت پر اظہار خیال کیجیے۔

یا

شیخ سعدی کی ادبی خدمات کا احاطہ کیجیے۔

سوال نمبر (4) متن کے حوالے سے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔

۱) بشنو از نے چوں حکایت می کند و ز جدائیہا شکایت می کند

۲) سینہ خواہم شرحہ شرحہ از فراق تا بگویم شرح دردِ اشتیاق

۳) الا یا ایھا الساقی ادر کاسا و ناولھا کہ عشق آساں نمود اول ولے افتاد مشکلہا

۴) اے فروغِ ماہِ حُسن از روئے رخشانِ شما آبروئے خوبی از چاہ زنخدان شما

۵) من آن مورم کہ در پایم کالند نہ زنبورم کہ از نیشم بنالند

۶) کجا خود شکر ایں نعمت گزارم کہ زورِ مردم آزاری ندارم

سوال نمبر (5) علامہ اقبال کی فارسی نظم "گل نخستیں" کا خلاصہ لکھیے۔

یا

عمر خیام کی رباعی گوئی پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆

Total No. of Questions-5] [Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1276 B-2K13
## M.A. Ist Semester (CBCS) Degree Examination
## URDU
## ( Tarjuma Nigari)
## Paper-SC-1.2

*Time Allowed-3Hours* *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔ تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر(1) ترجمے کی تعریف کرتے ہوئے ادبی مترجم کی دشواریوں پر روشنی ڈالیے۔

یا

ترجمے کی افادیت اور اہمیت پر اظہارِ خیال کیجیے۔

سوال نمبر(2) منظوم ترجمے کے مسائل کی نشاندہی کیجیے۔

یا

صحافتی تراجم کی ضرورت اور اہمیت کی وضاحت کیجیے۔

سوال نمبر(3) ترجمے کے لئے مترجم کا دونوں زبانوں پر قدرت رکھنا لازمی ہے، واضح کیجیے۔

یا

معلوماتی ادب سے کیا مراد ہے، اس میں کس طرز کی تحریروں کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر(4) گورِ غریباں کے مطالعے سے عیاں ہونے والے ترجمے کے اہم نکات قلمبند کیجیے۔

یا

ترجمہ نگاروں میں نظم طباطبائی کا مقام متعین کیجیے۔

سوال نمبر(5) ماہر منصور کی ترجمہ نگاری پر اظہارِ خیال کیجیے۔

یا

ترجمہ نگاری کے ارتقاء میں فورٹ ولیم کالج کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

☆☆☆

Total No. of Questions-5] [Total No. of Printed Pages-1

# PGIS 1277 B-2K13
## M.A. Ist Semester Degree Examination
## URDU
## (Adab Ki Tadrees)
## Paper :SC-1.4

*Time Allowed-3Hours* *Maximum Marks-80*

ہدایات: تمام سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔تمام سوالوں کے نشان مساوی ہیں۔

سوال نمبر(1) ادب کی تدریس میں سماجی اور تہذیبی عناصر کی اہمیت وافادیت پر اظہارِ خیال کیجیے۔

یا

غیرافسانوی ادب کی تدریس کے طریقۂ کار پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر(2) داستان کی تدریس میں خیروشر کی کش مکش کی نشاندھی کرنا اور اس کی ضرورت پر توجہ دلانا کس قدر مناسب ہے۔ بحث کیجیے۔

یا

افسانے کی تدریس میں ماحول کی اہمیت پر اظہار خیال کیجیے۔

سوال نمبر(3) انٹرویو کی تدریس میں انٹرویوی اور انٹرویوز کے ربط پر روشنی ڈالیے۔

یا

بتائیے کہ تنقید کی تدریس کو کس طرح دلچسپ بنایا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر(4) واضح کیجیے کہ مرثیے کی تدریس میں اصلحہ کی معلومات کا بہم پہنچانا کیوں ضروری ہے۔

یا

قصیدے کی تدریس میں زبان وبیان کے پُرشکوہ انداز پر خصوصی توجہ دینا کیوں ضروری ہے۔

سوال نمبر(5) ڈرامے کی تدریس میں وحدتوں کی اہمیت وافادیت واضح کیجیے۔

یا

ڈراما "انارکلی" کی تدریس میں مغلیہ دور کی شان وشوکت کا لحاظ رکھنا کیوں ضروری ہے۔

☆☆☆